# ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in

1جولائی 2019

آر بی آئی 2019-20/0
ڈی سی ایم (ایف این وی ڈی)
G-1/16.01.05/2019-20

چیئرمین رمینجنگ ڈائریکٹر رچیف ایگزیکٹیوافسر
سبھی بینکس اور
سبھی ریاستوں کےٹریزیز ڈائریکٹر

محترم جناب رمحترمہ

## ماسٹرسرکلر۔جعلی نوٹوں کی شناخت اور ضبط کرنا

برائے مہربانی ماسٹر سرکلر ڈی سی ایم (ایف این وی ڈی) G-1/16.01.05/2018-19 مورخہ 2 جولائی 2018 کا ربط ان ہدایات سے جن کا اجراء 2 جولائی 2018 تک کیا گیا ہے ان کا تعلق جعلی نوٹوں کی تلاش اور انہیں ضبط کرنے سے متعلق ہے۔ ماسٹر سرکلر کو ہدایات کی تعلق سے ان کی اجراء کی تاریخ تک اپ ڈیٹ کیا گیا ہے اور اسے آر بی آئی کی ویب سائٹ www.rbi.org.in پر لوڈ کر دیا گیا ہے۔

ماسٹر سرکلر آر بی آئی کے مذکورہ موضوع پر ہدایات کا اجماع ہے جو کہ سرکلر کی تاریخ سے نافذ العمل ہو جائے گا۔

آپ کا مخلص

(مانس رنجن موہنتی)
چیف جنرل منیجر

منسلکات: ماسٹر سرکلر

# انڈیکس
# مشمولات


| پیرا نمبر | تفصیل |
|---|---|
| 1 | جعلی نوٹوں کو ضبط کرنے والی اتھارٹی |
| 2 | جعلی نوٹوں کی تلاش |
| 3 | جعلی نوٹوں کی ضبطی |
| 4 | ٹنڈر دہندگان کو جاری رسید |
| 5 | جعلی نوٹوں کی ضبطی۔ پولیس اور دیگر اداروں کو رپورٹنگ |
| 6 | کاؤنٹر سے جاری ہونے سے قبل بینک نوٹوں کی جانچ، اے ٹی ایم کو بھرنا اور آر بی آئی کی جانب سے دفاتر کو رمیٹنگ کیلئے جاری کرتے وقت جانچ |
| 7 | مجاز نوڈل بینک افسر |
| 8 | بینکوں کے دفتر میں فرضی نوٹ خفیہ شعبۂ کا قیام |
| 9 | الٹرا۔وائلٹ لیمپس اور دیگر انفراسٹرکچر کی تجویز |
| 10 | آر بی آئی/گورنمنٹ کو ڈاٹا کی رپورٹنگ |
| 11 | پولیس اتھارٹیز کے ذریعہ قبول کئے گئے جعلی نوٹوں کا رکھ رکھاؤ |
| 12 | جعلی نوٹوں کی پہچان۔عملہ کی تربیت |
| | انیکس I |
| | انیکس II |
| | انیکس III |
| | انیکس IV |
| | انیکس V |
| | انیکس VI |
| | انیکس VII |
| | انیکس VIII |

# ریزرو بینک آف انڈیا
# شعبۂ کرنسی مینجمنٹ
# ماسٹر سرکلر 20-2019

## جعلی نوٹوں کی تلاش اور ان کی ضبطی

### پیرا 1۔ جعلی نوٹوں کو ضبط کرنے والی اتھارٹی

جعلی نوٹوں کوان کے ذریعہ ضبط کیا جائے گا

(i) سبھی بینکس

(ii) سبھی ٹریزریاں اورسب ٹریزریاں

(iii) ریزروبینک آف انڈیا کے ایشو دفاتر

### پیرا 2۔ جعلی نوٹوں کی شناخت

بینک نوٹوں کو کاؤنٹر تک پہنچنے سے قبل مجاز مشینوں سے جانچ۔

عموماً بینک نوٹس براہ راست بینک آفس رکرنسی چیسٹ پر بڑی تعداد میں پہنچتے ہیں، ان کی بھی جانچ مشینوں کے ذریعہ ہونی چاہیئے۔

بینک آفس رکرنسی چیسٹ کے ذریعہ کاؤنٹر پر پہنچے نوٹوں کی جانچ میں اگر جعلی نوٹ ملتے ہیں تو اس کے بدلے میں صارفین کو کوئی رقم نہیں دی جائے گی۔

کسی بھی جعلی نوٹوں کو ٹنڈر دہندہ کو واپس نہیں کیا جائے گا، انہیں بینک کی شاخوں رٹریزیز میں ضائع کر دیا جائے گا۔ اپنے ذریعہ سے تلاش کئے گئے جعلی نوٹوں کے معاملے میں بینکوں کے ناکام رہنے پر متفقہ طور پر بینک کے ذمہ داروں کو سازش میں شریک تصور کیا جائے گا کہ وہ جعلی نوٹوں کو چلن میں رکھنا چاہتے ہیں اور اس سبب ان پر جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

### پیرا 3۔ جعلی نوٹوں کی ضبطی

جو نوٹ جعلی قرار دیئے جائیں گے ان پر ''جعلی نوٹ'' کی مہر لگا دی جائے گی اور انہیں مقررہ خاکہ (انیکس ) کے تحت ضبط کیا جائے گا۔ اس طرح سے ہر ایک ضبط شدہ نوٹ مجازیت کے تحت الگ رجسٹر ڈ میں ریکارڈ کئے جائیں گے۔

### پیرا 4۔ ٹنڈر کنندہ کو رسید کا اجراء

جب ایک بینک نوٹ بینک برانچ بینک آفس اور کرنسی چیسٹ یا ٹریزری کے کاؤنٹر پر جعلی ملے نوٹ کی رسید مقررہ خاکہ (انیکس II) میں ٹنڈر کنندہ پیراگراف 3 کے نوٹ پر مہر لگا کر دی جائے گی۔ رسید ترتیب اور نمبر شمار میں کیشیئر کے ذریعہ مجاز بنائی جائے گی۔ اس کے بعد ٹنڈر کنندہ کو دی جائے گی۔ اس سے متعلق نوٹس دفاتر ر شاخوں پر عوام کی اطلاع کئے چسپاں کئے جائیں گے۔ ان معاملات میں رسید کو جاری کیا جائے گا، جب ٹنڈر کنندہ کاؤنٹر سائن کرنے سے انکار کر دے۔

### پیرا 5۔ جعلی نوٹوں کی شناخت ۔ پولیس اور دیگر اداروں کو رپورٹنگ

جعلی نوٹ کی برآمدگی پر پولیس کو رپورٹنگ کیلئے حسب ذیل طریقہ کار اختیار کرنا ہوگا۔ 4 عدد تک شناخت کئے جانے والے جعلی نوٹوں کے معاملہ میں ایک ٹرانزکشن ہونے پر تفصیلی رپورٹ مقررہ خاکہ (انیکس III) میں نوڈل بینک افسر پولیس اتھارٹیز سے پہنچانے یا نوڈل پولیس اسٹیشن کو ملے، مشتبہ جعلی نوٹ، اس ماہ کے آخر تک

ارسال کی جائے گی۔

5 عدد یا اس سے زائد تعداد میں جعلی نوٹ کی شناخت کے معاملے میں، ایک ٹرانزکشن پر جعلی نوٹوں کو فوری اثر سے نوڈل بینک افسر کی معرفت مقامی پولیس اتھارٹیوں یا نوڈل پولیس اسٹیشن کو تفتیش کے بعد مقدمہ درج کرانے کیلئے مقررہ خاکہ (انیکس IV) پر بھیجنا ہوگا۔

ماہانہ مستحکم رپورٹ /ایف آئی آر کی ایک کاپی جعلی نوٹ خفیہ سیل، بینک کے صدر دفتر (صرف بینکوں کے معاملہ میں) اور ٹریزری کے معاملہ میں اس کو ریزروبینک کے متعلقہ ایشو آفس کو بھیجنا ہوگا۔

متعلقہ پولیس اتھارٹیز کی حاصل کردہ منظوری رسید نوٹ /نوٹوں کو مستحکم ماہانہ اسٹیٹمنٹ اور ایف آئی آر دونوں کیلئے بھیجنا ہوگی۔ اگر جعلی نوٹوں کو انشورڈ ڈاک سے بھیجا جاتا ہے تو پانے کی رسید جو پولیس کے ذریعہ فراہم کرائی جائے گی، اسے بطور ریکارڈ رکھنا ضروری ہوگا۔ پولیس ذمہ داروں کے ذریعہ پاوتی رسید کا فالو اپ لازمی ہے۔ اگر دقت دفاتر /شاخوں کو پولیس کے ذریعہ عدم دلچسپی ماہانہ تفصیلی اسٹیٹمنٹ /ایف آئی آر کی تحریر کے معاملہ پیش آئے تو معاملہ کا نمٹارہ پولیس اتھارٹی کے نوڈل افسر سے رابطہ کر کے کیا جائے جو جعلی بینک نوٹوں کے معاملہ تعاون اور تفتیش کیلئے متعلق کئے گئے ہیں۔

جو افراد جعلی نوٹوں کو فروغ دے رہے ہیں، ایسے افراد کی عوام کے ذریعہ شناخت کیلئے مشورہ دیا جاتا ہے کہ بینکنگ ہال /ایریا اور کاؤنٹر کو سی ٹی وی سرویلانس کے تحت رکھا جائے اور ریکارڈنگ کی جائے، اسی کے ساتھ ریکارڈنگ کو محفوظ رکھا جائے۔

بینکوں کو یہ بھی مشورہ دیا جاتا ہے کہ اس طرح کے روشنی میں آئے نمونوں /رجحانات کی شناخت کریں اور شبہات والے رجحانات /نمونوں کو آر بی آئی / پولیس اتھارٹیوں کے علم میں فوری طور پر لائیں۔

بینکوں کے ذریعہ جعلی نوٹوں کی شناخت اور ان کی پولیس، آر بی آئی وغیرہ کو رپورٹنگ کے متعلق پیش رفت میں کوئی دقت درپیش ہو تو پابندی سے منعقد ہونے والی مختلف ریاستی سطح کی میٹنگ مثلاً اسٹیٹ سطحی بینکرس کمیٹی (ایس ایل بی سی) کرنسی مینجمنٹ اسٹینڈنگ کمیٹی (ایس سی سی ایم)، ریاستی سطحی سیکورٹی کمیٹی (ایس ایل ایس سی) وغیرہ چرچا کی جاسکتی ہے۔

بینک کی شاخوں اور ٹریزریوں پر جعلی نوٹوں کی شناخت کا ڈاٹا بشمول ماہانہ ریٹرن ریزروبینک کے ایشو آفس کو فارورڈ کیا جائے گا جیسا کہ ذیل کے پیرا۔ 10 میں اشارہ ہے۔

تعزیرات ہند میں جعلسازی کی تشریح کے احاطہ میں وہ کرنسی نوٹس بھی آتے ہیں جن کا اجراء غیر ملکی حکومت کی اتھارٹی کرتی ہے۔ مشتبہ غیر ملکی کرنسی نوٹ کے معاملہ میں جو پولیس اور حکومتی ایجنسیوں وغیرہ کے ذریعہ برآمد کئے جائیں انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ معاملہ کو سی بی آئی کے انٹرپول ونگ نئی دہلی کو ابتدائی تفتیش کے بعد منتقل کردینا چاہئے۔

حکومت ہند نے جعلی ہندوستانی کرنسی دفاع قانون 2013 کی وضع کاری غیر قانونی سرگرمیاں (تدارک) ایکٹ (یواے پی اے) 1967 کے تحت بھی ہے۔ ایکٹ کے تیسرے شیڈول کی وضاحت اعلیٰ معیاری ہندوستانی کرنسی نوٹ ایکٹ کے تحت کی گئی ہے۔ اعلیٰ معیاری جعلی ہندوستانی نوٹ کو ہٹانے، اسمگلنگ یا اس کو بازار میں چلانے پر یواے پی اے 1967 کے تحت کارروائی ہوگی۔

**پیرا 6۔ کاؤنٹرس، اے ٹی ایم میں بھرنے اور ریزرو بینک کی ایشو آفسوں کو بھیجنے سے قبل بینک نوٹوں کی جانچ ہوتی ہے۔**

بینکوں کو چاہئے کہ اپنے کیش مینجمنٹ کو دوبارہ لگائیں تاکہ اس طرح وہ معلوم ہوسکے کہ روپے/100 اور اس سے زیادہ کے نوٹ دوبارہ سرکولیٹنگ ہونے کے لئے نہیں رکھ دیئے گئے ہیں۔ نوٹوں کو مشین کی جانچ سے گزرے بغیر سرکولیٹ نہیں کیا جائے۔ مذکورہ بالا ہدایات پر عمل آوری سبھی بینک شاخوں پر ہوگی روزانہ نقد رسید سے قطع نظر کوئی بھی اٹھایا گیا قدم ہدایت نمبر 39.09.3158/2009-10 (پالیسی 10) مورخہ 19 نومبر 2009 کی خلاف ورزی ہوگی جو کہ ریزروبینک کے ذریعہ جاری کیا گیا ہے۔

اے ٹی ایم کے ذریعہ جعلی نوٹ نکلنے سے متعلق شکایت پر قابو پانے اور جعلی نوٹوں کے چلن پر قابو پانے کے معاملہ میں یہ ضروری ہے کہ اے ٹی ایم میں نوٹوں کو بھرنے سے قبل اس کی باریک بینی سے جانچ کرلی جائے۔ اے ٹی ایم کے ذریعہ جعلی نوٹوں کو ختم کرنے سے جعلی نوٹوں کے چلن کو بہت حد تک روکا جاسکتا ہے۔

چیسٹ ریمٹینس میں جعلی نوٹوں کا ملنا اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ چیسٹ شاخوں میں سازشاً اس طرح کے لوگ شامل میں جو جعلی نوٹوں کو چلانا چاہتے ہیں اس کے لئے پولیس اتھارٹیز کو جانچ کرنا چاہئے اور اس کے علاوہ متعلقہ چیسٹ کے آپریشن کو معطل کیا جانا چاہئے۔

جعلی نوٹوں کی تصوراتی طور پر 100% جرمانہ نقصان کی بھرپائی کیلئے اس طرح کے نوٹوں پر ملکی قدر کیلئے ہوگا جو کہ ذیل کے حالات کے تحت نافذ ہوگا۔

(الف) جب بینک کے ریمیٹینس کے دوران اہل نوٹوں کے درمیان جعلی نوٹ پکڑ میں آئیں۔

(ب) اگر جعلی نوٹ کی پہچان بینک کے بیلنس کرنسی چیسٹ میں دوران ریزرو بینک کے معائنہ/آڈٹ میں ہو۔

**ڈی پی ایس ایس ، سی او، او ڈی نمبر 1916/06.07.001/2018-19 مورخه 7 مارچ 2019 کے ضابطه کے مطابق سبهی رهنما هدایات ، محفوظ اقدامات ، معیارات اور احتیاطی تدابیر کا اطلاق بینکوں کی (الف) کرنسی، هینڈلنگ اور (ب) اے ٹی ایم کے سائبر سیکورٹی فریم واٹ پر هوگا، اس کا اطلاق ڈبلیو ایل اے آپریٹروں پر بهی هوگا۔**

## پیرا۔ 7 ۔ نوڈل بینك افسر عهدیدار

ہر بینک میں ایک نوڈل افسر عہدیدار ضلع وار ہوگا اور جو کہ اپنے ہم منصب کو آر بی آئی کے ریجنل آفس میں ایسے متعلقین اور پولیس اتھارٹیز کو مطلع کرے گا۔ جعلی نوٹوں کی پہچان سے متعلق سبھی معاملات کی رپورٹنگ پیرا 5 کے مطابق نوڈل بینک افسر کے ذریعہ کی جائے گی۔ نوڈل افسر رابطہ مرکز کے طور پر اس کو سبھی جعلی نوٹ شناختی سرگرمیوں کے بارے میں مطلع کرے گا۔

## پیرا 8۔ بینك کے صدر دفتر میں جعلی نوٹس خفیه سیل کا قیام

ہر بینک اپنے صدر دفتر میں جعلی نوٹس خفیہ سیل (ایف این وی) کا قیام ذیل کی سرگرمیوں کے تحت کرے گا۔

i. بینک کی شاخوں کو جعلی نوٹوں سے متعلق ریزرو بینک کے ذریعہ جاری کردہ ہدایات کی تشہیر۔ مذکورہ ہدایات کے نفاذ کی نگرانی۔ جعلی نوٹوں کی شناخت کی ڈاٹا تیاری اور اس کو ریزرو بینک کو ارسال کرنا، ایف آئی یو اور قومی جرائم ریکارڈ بیورو (این سی آر بی) کو ہدایات کے تحت بھیجنا۔

ii. جعلی نوٹوں کے معاملات کا فالواپ سے پولیس اتھارٹیز/عہدیدار نوڈل افسر بینک سی وی آر کے ذریعہ تیار کردہ اطلاعات میں حصہ داری اور سبھی منظور معاملات/کاؤنٹر سے جاری جعلی نوٹوں کے متعلق رپورٹ کرنا۔

iii. مرحلہ وار کرنسی چیسٹ کا اچانک معائنہ جہاں جمع/خامی والے/جعلی نوٹ وغیرہ پکڑے گئے ہوں۔

iv. اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ نوٹ کی چھٹائی کرنے والی مشین سبھی کرنسی چیسٹ/بینک آفس میں مناسب صلاحیت سے آپریٹ کی جائے اور جعلی نوٹوں کی شناخت سخت نگرانی میں کی جائے اور اس کا ریکارڈ رکھا جائے۔ اس بات کو بھی یقینی بنایا جائے کہ صرف نوٹوں کی باقاعدہ چھٹائی کی جائے اور اے ٹی ایم میں اس کے جانے والے نوٹوں/کاؤنٹر کو جاری کئے جانے والے نوٹوں کی جانچ کی جائے اور انہیں محفوظ مقامات پر رکھا جائے۔ بشمول اچانک جانچ پروسیسنگ اور نوٹوں کے ٹرانزٹ دونوں مواقع پر کی جائے۔

ایف این وی سیل تین ماہ میں اسٹیٹس رپورٹ بنیادی کورنگ کے ساتھ مذکورہ تناظر میں چیف جنرل منیجر، شعبہ کرنسی بندوبست، ریزرو بینک آف انڈیا، سینٹرل آفس، امر بلڈنگ، چوتھی منزل، سر پی ایم روڈ، فورٹ ممبئی-400001/(ای میل) سے ارسال کرے اور ریزرو بینک کے علاقائی دفتر کو بھی جس کے دائرہ کار میں مذکورہ ایف این وی سیل کام کر رہا ہے۔ رپورٹ کے تین ماہ میں نمٹارہ کے بعد پندرہ دنوں میں بھیجے۔ مذکورہ رپورٹ ای میل کے ذریعہ بھیجی جائے گی۔ ہارڈ کاپی بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے۔

ایف این وی سیلس کے دفاتر میں ریکارڈ اپ ڈیٹ کئے جائیں گے، بینک کارروائی ای میل کے ذریعہ مقررہ خاکہ (انیکس V) میں کارروائی ریزرو بینک کی ہدایت کے مطابق ہر سال یکم جولائی تک مکمل کریں گے۔ ہارڈ کاپی ارسال کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

## پیرا 9۔ الٹرا وائیلٹ لیمپ اور دیگر انفراسٹرکچر کی تجویز

جعلی نوٹوں کی شناخت کے لئے سہولت کے پیش نظر سبھی بینک کی شاخوں/منتخب بینک دفاتر الٹراوائیلیٹ لیمپ/دیگر مناسب بینک نوٹ چھٹائی/شناخت مشینوں سے آراستہ ہوں گے، اس کے علاوہ سبھی کرنسی چیسٹ شاخوں میں بھی جانچ، پروسیسنگ اور نوٹ چھٹائی مشین بہتر صلاحیت والی استعمال ہوں گی۔ مذکورہ

مشین ریزروبینک کے ذریعہ مقررکردہ ونوٹ کی مجازیت اور چھٹائی پیمانہ کی درستگی کی گائیڈ لائن پر عمل پیراہوں گی۔

بینک نوٹ چھٹائی مشین کے ذریعہ روزانہ ریکارڈ بشمول پکڑے گئے جعلی نوٹوں کے نمبر کا بھی حساب وکتاب رکھیں گے۔

بینکوں کو کاؤنٹر پر عوام کے استعمال کیلئے گنتی مشین (دوڈسپلے سہولت والی) بھی مہیا کرانا ہوگی۔

## پیرا10۔ آر بی آئی/ این سی آر بی/ ایف آئی یو۔ آئی این ڈی کو ڈاٹا رپورٹنگ سبھی بینك شاخوں کے ذریعه

بینک کی سبھی شاخوں پر جعلی نوٹ پکڑے جانے کا ڈاٹا مقررہ خاکہ میں ماہانہ کی بنیاد پر رپورٹ کرنا ہوگا۔اسٹیٹمنٹ (انیکس VI) جس میں ایک ماہ کے دوران بینک کی شاخوں پر پکڑے گئے جعلی نوٹوں کی تفصیل پیش کرتے ہوئے اسے متعلقہ ریزروبینک آفس کوارسال کرنا ہوگی تاکہ وہ آئندہ ماہ کی 7 تاریخ کو پہنچ جائے۔ایک ''خالی'' رپورٹ بھی اس معاملہ میں ارسال کی جاسکتی ہے کہ اس ماہ ایک بھی جعلی نوٹ پکڑ میں نہیں آیا۔

قانون 8(1) کے تحت انسداد رشوت ستانی (ریکارڈ کا رکھ رکھاؤ) ترمیمی قانون 2013۔بینکوں کے پرنسپل دفاتر سے بھی امید کی جاتی ہے کہ وہ بھی جعلی نوٹ کیش ٹرانزکشن کے دوران پکڑے جانے پر اس کی اطلاع ڈائریکٹر، ایف آئی یو آئی این ڈی، مالیاتی خفیہ یونٹ، انڈیا، 6ویں منزل، ہوٹل سمراٹ، چانکیہ پوری، نئی دہلی 110021 پر آئندہ ماہ کے 15 دنوں تک فن نیٹ پورٹل پر اطلاعات اپ لوڈ کر کے بھیجیں۔اسی طرح جعلی نوٹ پکڑے جانے کے معاملے میں اس کی اطلاع ویب ان ایبلڈ سافٹ ویئر قومی کرائم ریکارڈ بیورو، نئی دہلی پر اپنی ویب سائٹ پر بھی اپ لوڈ کرنا ہوگا۔

## پیرا11۔ پولیس اتھارٹیز کے ذریعه حاصل کرده جعلی نوٹوں کو محفوظ رکھنا

سبھی جعلی نوٹ جو کہ پولیس اتھارٹی/عدالتوں کے ذریعہ حاصل کئے جاتے ہیں، انہیں بہت احتیاط سے بینک کی محفوظ تحویل میں رکھنا ہوگا اور متعلقہ بینک شاخ کے ذریعہ ریکارڈ رکھنا ہوگا۔بینک کے ایف این وی سیل کو بھی اس طرح جعلی نوٹوں کے معاملہ میں شاخ وار ریکارڈ رکھنا ہوگا۔

ان جعلی نوٹوں کی شاخوں پر نصف سالانہ (31 مارچ اور 30 ستمبر) کی بنیاد پر جانچ متعلقہ بنیک کے افسر انچارج کے ذریعہ کی جانا چاہئے۔پولیس اتھارٹیز کے ذریعہ حاصل کرنے تاریخ سے تین برسوں تک انہیں محفوظ رکھنا ہوگا۔

(بینک افسر انچارج) کے ذریعہ ریزروبینک آف انڈیا کے متعلقہ ایشو آفس کو مکمل تفصیل کے ساتھ بھیجا جائے گا۔

جعلی نوٹ کے متعلق عدالت میں قانونی چارہ جوئی کے متعلق شاخ کو عدالتی فیصلہ کے بعد تین برسوں تک محفوظ رکھنا ہوگا۔

## پیرا12۔ جعلی نوٹوں کی شناخت۔ عمله کی تربیت

اس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ بینکوں اور ٹریزری/ضمنی ٹریزری کے نقد رقم کو ہینڈلنگ کرنے والے عملہ کو بینک نوٹ کے سیکورٹی فیچرس کی مکمل معلومات ہونا چاہئے۔

جعلی نوٹوں کی شناخت کرنے والے شاخ عملہ کو باخبر کرنے کے مقصد سے بینک نوٹوں کی ڈیزائن اور سیکورٹی فیچرس جو کہ (انیکس VII) میں دکھائے گئے ہیں کو سبھی بینکوں/ٹریزیز میں اس ہدایت کے ساتھ بھیجنا جانا چاہئے کہ اس کو باقاعدگی سے شاخوں پر مفاد عامہ میں ڈسپلے کیا جائے 2005-06 سیریز کے بینک نوٹوں کے پوسٹرس کو بھی بینک کی شاخوں کو بھیجنا چاہئے تاکہ وہ اپنی شاخوں پر اس کا ڈسپلے کریں۔ نئے ڈیزائن والے بینک نوٹوں کے سیکورٹی فیچر روپئے 20، روپئے 50، روپئے 100، روپئے 200، روپئے 500، روپئے 2000 اور روپئے 10 کے سیکورٹی فیچرس https://www.paisaboltahai.rbi.org.in پر لنک کرنے پر فراہم ہیں۔

دیگر بینک نوٹوں کی تفاصیل، 'جانئے اپنے بینک نوٹس کو' کے تحت مذکورہ بالا لنک فراہم ہے۔

کنٹرولنگ دفاتر/تربیتی مراکز ٹریننگ پروگرام کا اہتمام/اہتمام بنیک نوٹوں کے سیکورٹی فیچر کے تعلق سے اسٹاف عملہ کے ذریعہ جعلی نوٹوں کی شناخت کے سلسلہ میں خود کو باخبر کرانے کے لئے کیا جاسکتا ہے۔بینکوں کو یہ بھی یقینی بنانا ہوگا کہ سبھی بینک عملہ جو کہ نقد کی ہینڈلنگ کرتا ہو، اسے ہندوستانی بینک نوٹوں کے فیچرس کی ٹریننگ ہو، اس طرح کی ٹریننگ میں شناخت، ضبطی اور جعلی نوٹوں کی رپورٹنگ کا احاطہ ہونا چاہئے۔ریزروبینک اس سلسلہ میں فیکلٹی سپورٹ اور ٹریننگ میٹریلس بھی مہیا کرائے گا۔

## انیکس I

## (پیرا گراف 3)

ہرایک بینک نوٹ جس کی مختلف سیکورٹی فیچرس / پیمانوں کی جانچ کے بعد بطور جعلی نوٹ شناخت کی جائے گی اوراس پر جعلی نوٹ کی مہر لگائی جائے گی، مہر کی عام سائز 5 cm x 5 cm ہوگی جو ذیل کے نقش کے ساتھ استعمال ہوگا۔

| |
|---|
| جعلی بینک نوٹوں کی ضبطی |
| بینک / ٹریزری / ضمنی ٹریزری |
| شاخ / کرنسی چیسٹ |
| دستخط |
| تاریخ |

انیکس II

(پیرا گراف 4)

## خاکہ۔ جعلی نوٹوں کے ٹنڈر کی جاری کردہ رسید

بینک/ٹریزری/ضمنی ٹریزری کا نام

پتے:

رسید کا نمبر شمار:.........................

تاریخ:.........................................

مذکورہ ذیل کا نوٹ حاصل کیا گیا (ٹنڈرر کا نام اور پتہ) جعلی ہے/ہیں اور اسے/انہیں ضبط کر کے مہر بند کر دیا گیا ہے۔

| جعلی نوٹ کا نمبر شمار | روپے کی قدر | وہ پیمانے جس سے ثابت ہوا کہ نوٹ جعلی ہے |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

جعلی نوٹوں کی مجموعی تعداد:

(ٹنڈرر کے دستخط)

(کاؤنٹر اسٹاف کے دستخط)

سرکاری مہر

انیکس III

(پیرا گراف 5)

تاریخ:......................

بینک کا نام

ضلع:

نوڈل بینک افسر کا نام اور پتہ

حوالہ نمبر:..................

پولیس انسپکٹر

پولیس اسٹیشن.........................

مستحکم ماہانہ رپورٹ برائے ماہ.................

جعلی نوٹ کی تفصیل:

| شناخت کی تاریخ | شاخ کا نام/کرنسی چیسٹ | ٹنڈرر کی تفصیل | قدر/گنتی/نمبر شمار | سیکورٹی فیچرس کو توڑنا | (یو آر این) این سی آر بی پورٹل کے ذریعہ نمبر تفصیل |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |

4. منسلک جعلی نوٹس برائے اطلاعات اور راز داری کارروائی

5. برائے مہربانی اعتراضی رسید

(مجاز دستخط کنندہ)

سرکاری مہر

منسلکات:

انیکس ١٧

(پیرا گراف 5)

تاریخ:....................

بینک کا نام

ضلع:

نوڈل بینک افسر کا نام اور پتہ

حوالہ نمبر:...................

پولیس انسپکٹر

پولیس اسٹیشن..........................

محترم

**جعلی نوٹوں کی شناخت۔ تفتیش کی گزارش**

ہمارے کاؤنٹر میں پائے جانے والی جعلی نوٹ ذیل میں منسلک ہیں۔ .......... جعلی نوٹوں کی تفصیل حسب ذیل ہے،

2. جعلی ہندوستانی کرنسی کی چھپائی اور/ یا اس کو بازار میں چلانا تعزیرات ہند کی دفعات 489A سے 489E تک جرم ہے، کے تحت ہم آپ سے گزارش کرتے ہیں کہ ایف آئی آر درج کریں اور ضروری تفتیش کریں۔ اگر یہ طے پائے کہ مجرمانہ کارروائی عدالت میں چلی ہے تو پہلے آپ نوٹوں کرنسی نوٹ پرنٹنگ پریس، فورینسک سائنس لیبوریٹریز وغیرہ میں بھیجنے کا بندوبست کریں۔ سیکشن 292(1) ا/ 292(3) کی تجاویز کے مطابق مجرمانہ کارروائی کیلئے اس کی جانچ ہو سکے۔ ماہرین کی رائے لینے کے بعد عدالتی کارروائی ثبوت کی روشنی میں سیکشن 292 کے تحت قانونی کارروائی شروع ہو سکے گی۔ جعلی نوٹ برائے مہربانی تفتیش کارروائی اور/ یا عدالتی کارروائی کے بعد تفتیشی کارروائی مکمل رپورٹ/ عدالتی فیصلہ کے ساتھ ہمیں واپس کر دیئے جائیں۔

| نوٹوں کی قدر ر نوٹوں کے نمبر | جعلی نوٹوں کے سیریل نمبر | قومی قدر | ٹنڈرر کی تفصیل | برانچ کا نام اور پتہ/ کرنسی چیسٹ جہاں جعلی نوٹ پکڑے گئے | بینک انٹری نمبر | یو آر این این سی پر بی پورٹل میں جنریٹیڈ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |

3. جعلی نوٹ منسلک ہیں

4. برائے مہربانی دستیابی رسید

آپ کا بھروسہ مند

مجاز دستخط کنندہ

سرکاری مہر

منسلکات:

انیکس V

(پیرا گراف 8)

## پتے وغیرہ پر کرنے کے لئے خاکہ، جعلی نوٹ کی تفصیل خفیہ سیل (ایف این وی سی) برائے آر بی آئی

(یکم جولائی کو ہر سال ای۔میل کے ذریعہ مکمل کی جائے گی)

| بینک کا نام | ایف این وی سی کے پتے (پن کوڈ سمیت) | نام اور افسر انچارج کا عہدہ | ٹیلی فون نمبر (کوڈ کے ساتھ) | فیکس نمبر (کوڈ کے ساتھ) | ایف این وی سی کا ای۔میل پتہ |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

اوپر دی گئی تفصیل میں اگر کوئی تبدیلی ہوتی ہے تو ہم فوراً مطلع کریں گے۔

مجاز افسر کا نام

عہدہ

تاریخ:

این بی: مکمل خاکہ، ایم ایس ایکسل، ای۔میل کے ذریعہ بھیجا جائے گا۔

(ہارڈ کاپی بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے)

انیکس VI

(پیرا گراف 10)

تاریخ:................

بینک کا نام/ضلع

جعلی نوٹ پکڑے جانے کی تفصیل بتاتا اسٹیٹمنٹ

ماہ.............. کے دوران.........................

## الف) پکڑے گئے جعلی نوٹوں کی تفصیل:

| شاخ کا نام/کرنسی | شناخت کی قسم | 10 پرانا | 10 نیا | 20 پرانا | 20 نیا | 50 پرانا | 50 نیا | 100 پرانا | 100 نیا | 2000 | 500 پرانا | 500 نیا | 1000 | 2000 | مجموعی نوٹ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | ایف آئی آر (ایف آئی سی این عدد) | | | | | | | | | | | | | | |
| | معتبر ایف آئی آر (ایف آئی سی این عدد) | | | | | | | | | | | | | | |
| | بینک نوٹوں کی مجموعی تعداد | | | | | | | | | | | | | | |

## ب) پولیس کے ذریعہ داخل کردہ ایف آئی آر معاملات کی تفصیل:

| | ماہ کے اوائل میں پولیس کے ذریعہ پینڈنگ (مجموعی تعداد) | ماہ کے دوران پولیس کو بھیجی گئی | ماہ کے دوران پولیس کے ذریعہ واپس کردہ | ماہ کے آخر میں پولیس کے ذریعہ پینڈنگ (مجموعی تعداد) |
|---|---|---|---|---|
| معاملات کے نمبر جن میں ایف آئی آر ہو گی | | | | |
| ایف آئی آر میں شامل جعلی نوٹوں کی مجموعی تعداد | | | | |

*ایک معاملہ پر مشتمل ہر ایک دائر کردہ ایف آئی آر

آگے بڑھائی گئی:

1. جنرل منیجر/ڈپٹی جنرل منیجر، ریزرو بینک آف انڈیا، ایشو ڈپارٹمنٹ..............................

(دستخط)

مجاز افسر کا نام اور عہدہ

سرکاری مہر

انیکس VII

(پیرا گراف 12)

## 1967 سے جاری ریزرو بینک آف انڈیا کے ذریعہ بینک نوٹوں کی ڈیزائن

| سال | سائز | واٹر مارک | سامنے کا حصہ | پیچھے کا حصہ |
|---|---|---|---|---|
| I. روپئے 10 نوٹ | | | | |
| 1967 | 137x63 ایم ایم | اشوک کی لاٹ | پرپل (جامنی) رنگ، مرکز میں 10 کا عدد | 14 زبانوں میں نوٹ کی قدر مصنوع سمندری ڈیزائن کے ساتھ ملکی دستکاری |
| 1968 | ایضاً | ایضاً | نیلا۔ کالا رنگ، وعدہ والا گوشہ گارنٹی والا گوشہ اور دستخط دوز بانوں میں شائع | ایضاً<br>آر بی آئی کا نام ہندی میں جوڑا گیا |
| 1969 | ایضاً | ایضاً | نیلا کالا رنگ 'دس روپئے' 'روپیے دس' کی جگہ | مہاتما گاندھی کی تصویر |
| 1970 | ایضاً | اشوک کی لاٹ مع کتائی والا چرخا | انگریزی کے بجائے ہندی رسم الخط میں آر بی آئی اورالٹی ترتیب میں۔ ہندی میں گارنٹی کا گوشہ، وعدہ گوشہ اور گورنر کے دستخط ستیہ میو جے تے شامل، واٹر مارک ونڈو اور نمبر والا وسعت والا پینل | دوز بانوں میں مہر شامل |
| 1975 | ایضاً | ایضاً | گہرا بھورا، بھورا اور نیلا رنگ، گہری بھوری پرنٹنگ میں، 10 کا عدد، کندہ کاری پرنٹنگ، بائیں کی جانب گھماؤ دار زبان اور اشوک کی علامتی لاٹ داہنے جانب، | پیلا بھورا، آرچ نیلا اور سبز رنگ درفت کی شاخ پر دائرے میں بنے دوسور، ہرن، گھوڑے، چڑیاں اور کمل کے پھول |
| 1992 | ایضاً | ایضاً | پیلے گلابی، مجنٹا اور پیلے مجموعی رنگ | شالیمار گارڈن |
| 1996 | ایضاً | مہاتما گاندی کا مجسمہ مع کثیر جہتی واٹر مارک ونڈ ولائنس | مجموعی طور پر چمکیلا گلابی بھورا، نارنگی اور پنک رنگ۔ مہاتما گاندھی کا مجسمہ جو کہ حفاظتی دھاگے سے کھڑا ہے جس پر حروف میں 'بھارت آر بی آئی لکھا ہے، روشنی میں دیکھنے پر دونوں جانب سے پڑھا جاسکتا ہے۔ | شکل آرامی ترجیحی فلورل ڈیزائن ہاتھی، گنڈا اور چیتے کے چہرے ساتھ، نوٹ کی قدر 15 ہندوستانی زبان میں۔ |
| 2006 | ایضاً | مہاتما گاندھی کا مجسمہ کثیر جہتی لائن اور الیکٹروٹائپ مارک جو عدد 10 کو ظاہر کرتا ہو، اس حصہ میں دکھائی دے گا۔ ان چیزوں پر اس وقت دیکھا جاسکتا ہے، جب بینک نوٹ روشنی کے سامنے رکھا جائے | مشین سے ونڈو ڈیجیٹلائزڈ واضح ٹیکسٹ میگنیٹک حفاظتی دھاگے میں بشمول 'بھارت' (ہندی میں) اور آر بی آئی جو چمکیلے پیلے رنگ میں دونوں جانب پوری لائٹ (جزک) میں ہو پڑھا جاسکتا ہے۔<br>دورنگوں میں آپٹیکل فائربس۔<br>چھوٹے رنگین ڈیزائن میں دونوں فرنٹ (کھوکھلی) اور پشت (بھری ہوئی) نوٹ کے درمیان میں عمومی بینڈ واٹر مارکس کے بعد جو کہ درست بینک ٹو بینک رجسٹریشن رکھنا ہے، تاکہ عدد کو جب بھی روشنی میں دیکھا جائے تو صاف دکھائی دے۔ | بینک نوٹ کی شیٹ پر پرنٹنگ اسٹیج میں اس کی اشاعت کا سال طبع ہوگا۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 2011 | ایضاً | ایضاً | ایضاً<br>اضافی روپیہ کا نشان بینک نوٹ کی پشت پر معارف کرایا گیا۔ بائیں جانب اوپر اور داہنے جانب اوپر کے کونے پر (روپئے کی قدر کے ساتھ) | ریورس میں بینک پر مسلسل سال اشاعت شائع کی جارہی ہے۔ اضافی طور پر روپئے نشان کو بینک نوٹ پر بطور ریورس معارف کرایا جارہا ہے۔ دائیں اور بائیں اوپر کی جانب (روپئے کی قدر کے ساتھ) |
| 2016 | ایضاً | ایضاً | ایضاً<br>اضافی ان بینک نوٹوں کے اعداد کے نمبر پینل چڑھتی ہوئی ترتیب بائیں سے دائیں میں ہوں گے، جبکہ ابتدائی تین حروفی ہندسے (سابقہ) اسکیل سائز میں ہوں گے۔ | |
| 2018 | 63x123 ایم ایم | روپئے 10 کی قدر کے بینک نوٹ مہاتما گاندھی (نئی) سیریز میں مہاتما گاندھی کی تصویر اور واٹر مارکس الیکٹروٹائپس (10) ہوگا | نوٹ کا بنیادی رنگ چاکلیٹی بھورا ہے نوٹ میں دوسری ڈیزائن، افلاسی طریقہ کار مجموعی کلر اسکیم کے ساتھ سامنے اور شیٹ دونوں پر رجسٹر ڈ کے ذریعہ 10 کی قدر کے عدد 10 دیوناگری میں، مہاتما گاندھی کی تصویر مرکز میں مائیکرو حروف میں 'آر بی آئی' 'بھارت' 'انڈیا' اور '10' ونڈو بجسس والا حفاظتی دھاگہ سے 'بھارت' اور آر بی آئی، گارنٹی گوشہ، گورنر کے دستخط بشمول وعدہ گوشہ اور آر بی آئی علامت مہاتما گاندھی کی مقررہ داہنی جانب نمبر پینل نیچے سے اور داہنے سے بائیں جانب بڑھنے والے اعداد کے ساتھ۔ | نئی روپئے کی قدر بھی سورج مندر کونارک کا بنیادی تصویر ریورس میں ملک کے ثقافتی ورثے کے اظہار کے طور پر، نوٹ کی داہنے طرف سال اشاعت، سوچھ بھارت کا لوگوں سے منسرہ، زیادہ کا پینل روپئے کی قدر عدد 10 دیوناگری میں۔ |
| **II. روپئے 20 نوٹ** | | | | |
| 1972 | 63x147 ایم ایم | اشوک کی لاٹ | گیروا رنگ، اشوک کے لاٹ کی علامت داہنے طرف اور زیادہ کا پینل بائیں جانب | افق کے متوازی بولڈ ہندی حروف مرکز میں، 20 کا ہندسہ کنارے، پارلیمنٹ ہاؤس کی تصویر، داہنے جانب روپئے کی قدر ہندوستانی زبانوں میں۔ |
| 1975 | ایضاً | اشوک کی چھوٹی لاٹ مع کتائی چرخا ریزن تھریڈ پیپر | لال، نیلا، چمکیلا گلابی اور گیٹ پیلا رنگ عدد 20 سے گہرے چمکیلے گلابی رنگ میں ہلکے پیلے کنول کی شکل والی ڈیزائن زبان گھماؤ دار داہنے اور اشوک کی لاٹ کی علامت بائیں جانب، سبھی جانب رہنے والی چھپائی لیکن کونوں میں نہیں، وہاں پیپر سفید ہوگا۔ دو زبانوں میں نام کلاز نمبر۔ | ڈرائی آفسیٹ چھپائی، لال، نیلا اور چمکیلا گلابی رنگ، مرکز میں کونارک سورج مندر کے رتھ کے پہیے، گہرے نیلے رنگ میں واٹر مارک ونڈو میں سجاوٹی ڈیزائن میں مکمل رجسٹر ڈ کے ساتھ نوٹ شیٹ پر کراس پرنٹنگ ڈیزائن۔ |
| 2001 | ایضاً | مہاتما گاندھی کی تصویر | حفاظتی دھاگہ مکمل طور پر لفظ 'بھارت' (ہندی میں) اور آر بی آئی، سرایت شدہ ہوگا۔ رنگ لال پہ پیلا ہوگا۔ اشوک کی لاٹ کی جگہ مہاتما گاندھی کی تصویر گہرے لال رنگ میں جبکہ اشوک کی لاٹ کی داہنے جانب کونے میں اس سائز میں نقل کر دیا گیا | مرکز میں خیال ہندوستانی ساحلی علاقے ناریل کے باغات کے ساتھ، نوٹ کی قدر 15 زبانوں میں جو کہ مجموعی پینل میں داہنے کی جانب اعداد 20، آر بی آئی کی مہر، مہاتما گاندھی کی تصویر، آر بی آئی، لیجنڈ، گارنٹی اور وعدہ کا گوشہ، گورنر کے دستخط اور اشوک کی لاٹ ابھری ہوگی، لفظ آر بی آئی اور اعداد 20 مائیکرو حروف میں ہوں گے اور مہاتما گاندھی کی تصویر کے پیچھے ہوں گے، عموری اسکیل کے ذریعہ علامتی نشان نوٹ کے داہنے جانب ابھار کر نوٹ کی قدر مقرر کی گئی۔ نمبر پینل کو سرخ رنگ میں شائع کیا گیا۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 2006 | ایضاً | مہاتما گاندھی کا مجسمہ کثیر سمتی لائنس اور الیکٹروٹائپ نشان جو کہ روپے کے قدر 20 کو ظاہر کرتا ہوا، اس حصہ میں ہوگا اوران سب کو اس وقت بہتر طور پر دایا جاسکتا ہے، جب بینک نوٹ کو روشنی کے سامنے لایا جائے۔ | ونڈو مشن سے تحریر کردہ ٹیکسٹ میگنیٹک سیکورٹیز دھاگہ مع 'بھارت' (ہندی میں اور آر بی آئی چمکیلے پیلے رنگ میں پوری راکٹ (جینرک) میں دونوں جانب تحریر کردہ<br>چوڑائی 4 . 1 ایم ایم<br>دو رنگوں میں آپٹیکل فائبر چھوٹی فلورل ڈیزائن نوٹ کے دونوں سامنے (کھودا ہوا) اور شیٹ (بھرا ہوا) درمیان میں عموری بینڈ ٹیکسٹ جو واٹر مارکس میں ہوگا، مناسب طریقہ سے رجسٹریشن ہوگا تاکہ اعداد روشنی میں واضح طور پر دکھائی دیں۔ | بینک کی شیٹ پر پرنٹنگ اسٹیج میں سال اشاعت تحریر ہوگا۔ |
| 2012 | ایضاً | ایضاً | ایضاً<br>اضافی روپے کا نشان بینک نوٹ کے سامنے کے حصہ میں ہوگا۔ اوپر داہنے جانب اور اوپر بائیں جانب کونے (روپے کی قدر کے اعداد کے ساتھ) | بینک نوٹ پر شیٹ کی جانب سال اشاعت شائع کیا جاتا رہے گا۔ اضافی میں روپے کی علامت بینک نوٹ پر ریورس کونے پر اوپر داہنے اور بائیں جانب متعارف کرائی جائے گی (روپے کی قدر کے اعداد کے ساتھ) |
| 2016 | ایضاً | ایضاً | اعداد دونوں نمبر پینل میں نیچے سے اوپر کی ترتیب میں داہنے سے بائیں ابتدائی تیس عددی کردار میں (سابقہ) مسلسل اسی سائز میں رہیں گے۔<br>اعداد '20'' آر بی آئی کی مہر، مہاتما گاندھی کی تصویر، آر بی آئی لیجینڈ، گارنٹی اور وعدہ کا گوشہ گورنر کے دستخط، اشوک کی لاٹ کی علامت جو کہ بہتر پرنٹنگ میں ابھری (ابھری پرنٹنگ) اب آفسیٹ میں پرنٹ (بہتر ابھری ہوئی پرنٹنگ) کی جائے گی۔<br>مزید یہ کہ عموری شناختی نشان بینک نوٹ کے داہنے جانب والے کو ہٹا دیا گیا ہے جبکہ ریورس والے رنگ میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ رنگ کے سبب) ورٹیکل بینڈ جو کہ مہاتما گاندھی کی تصویر بائیں جانب مخفی شبیہ میں روپے کی قدر '20' کو ظاہر کرے گا۔<br>اعداد '20' مخفی امیج حرف اسی وقت دکھائی دے گی جب بینک نوٹ نیچے سے اوپر آنکھ کی سطح پر رکھا جائے۔ فیچر سیٹ دیر تک نہیں برقرار رہیں گے۔ | ایضاً |
| **III. روپئے 50 نوٹس** | | | | |
| 1975 | 147x73 ایم ایم | اشوک کی لاٹ مع پہیوں کی چین | عنابی رنگ بشمول نیلا سیز اور پریل، اعداد 50 گہرے بھورے رنگ میں زبان گھماؤ دائر داہنے طرف اور اشوک کی لاٹ کی علامت بائیں جانب، خون کے رنگ کی پرنٹنگ سبھی جانب صرف کناروں کو چھوڑ کر۔ | عنابی، بھورا اور پیلا رنگ پارلیمنٹ یا دس مرکز میں واٹر مارکس ونڈو گہرے عنابی رنگ میں، سجاوٹی ڈیزائن چاروں جانب جو کہ مکمل رجسٹرڈ مع مناسب ڈیزائن میں ہو۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1981 | ایضاً | ایضاً | ابھرا ہوا تیز نیلا رنگ، پیلا سرخ، اشوک کی لاٹ اور زبان گہرے بینگنی رنگ میں، بقیہ گہرے سبز اور بھورے رنگوں میں۔ ستیہ میو جیتے، اشوک کی لاٹ کی علامت کے نیچے۔ | خشک آفسیٹ پیلی رنگت والا بھورا اور باڈی گہرے بینگنی رنگ میں پارلیمنٹ ہاؤس مع قومی پرچم اوپر میں۔ |
| 1997 | ایضاً | مہاتما گاندھی کی تصویر مع کثیر جہتی لائن ونڈو میں | پیلا، نیلا اور بینگنی رنگ، اشوک کی لاٹ کی جگہ مہاتما گاندھی کی سفید نیلے رنگ میں۔ سیکورٹی دھاگہ پوری نوٹ کے اندر کی جانب حروف بھارت اور آر بی آئی ایک چھوٹا کالا سالڈ چوکور دائرہ بائیں جانب واٹر مارک میں تاکہ بینائی سے محروم افراد کو نوٹ کی قدر کی شناخت میں مدد ملے۔ | ہندوستانی پارلیمنٹ ہاؤس کے گرد و پیش کے مناظر پھولوں کے طریقہ کار میں اوپر اور چاندی کے تاروں سے زردوزی کا کام دوسری جانب نوٹ کی قدر 15 ہندوستانی زبانوں میں۔ |
| 2005 | ایضاً | مہاتما گاندھی کی تصویر، کثیر جہتی بھی لائن اور ایک الیکٹرو ثابت مارک جو نوٹ کے اعداد 50 کو اس سیکشن میں بتا رہا ہو اور اس کو زیادہ بہتر طریقہ سے دیکھا جا سکتا ہے جب نوٹ کو روشنی میں رکھا جائے۔ روشنی کے سامنے رکھیں | مشین سے پڑھا جانے والا واضح ٹیکسٹ میگنٹ سیکورٹی دھاگہ سے بھارت (ہندی میں) اور آر بی آئی جو کہ پیچ دار پیلے رنگ دونوں جانب پوری لاٹ چوڑائی 1.4 ملی میٹر میں، ابھری ہوئی چھپائی مثلاً ابھری ہوئی پرنٹ بینک کا نام ہندی اور انگریزی میں، ریزرو بینک کی مہر، گارنٹی اور وعدہ نوٹ، اشوک کی لاٹ کی علامت بائیں جانب، آر بی آئی کے گورنر کے دستخط، ایک مربع دائرہ ابھرا ہوا، واٹر مارک کے داہنے طرف ونڈو کندہ کاری کے سبب مزید گہری تاکہ بینائی سے محروم افراد نوٹ کی فوری شناخت کر سکیں۔ ڈول کلر میں آپٹیکل فائبر میں، چھوٹی بھولدار ڈیزائن دونوں جانب سامنے (مخفی) پرنٹ اور شیٹ (بھری ہوئی) پر نوٹ کے درمیان عموری بینڈ وائرٹ مارکس کے بعد رکھیں تاکہ صحیح رجسٹریشن دکھائی دے اور اعداد روشنی کے سامنے بہتر طور پر دکھائی دیں۔ | بینک نوٹ کی شیٹ پر نوٹ کی چھپائی کا سال پرنٹ |
| 2012 | ایضاً | ایضاً | ایضاً<br>افاقی روپئے کی علامت بینک نوٹ کی شیٹ پر دکھائی دے، اوپر داہنی جانب اور اوپر بائیں جانب کونے پر (اعداد کی قدر کے ساتھ) | بینک ننوٹ پر مسلسل تاریخ اشاعت ریورس میں ہوگی افاقی، روپئے کی علامت میں بینک نوٹ پر ریورس میں متعارف کرائی جائے گی اوپر دائیں جانب کونے پر (اعداد کی قدر کے ساتھ) |
| 2015 | ایضاً | ایضاً | ایضاً<br>افاقی، اعداد نمبر پینل میں ان بینک نوٹوں پر الٹی ترتیب میں دائیں سے بائیں جانب جبکہ ابتدائی تین ہنادسی کردار (سابقہ) نکار اپنی سائز میں۔ | ایضاً |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 2016 | ایضاً | ایضاً | اعداد 50' آر بی آئی مہر، مہاتما گاندھی کی تصویر، آر بی آئی لیجنڈ، گارنٹی اور وعدہ نوٹ، گورنر کے دستخط، اشوک کی لاٹ کی علامت جو کہ سابقہ پرنٹنگ ابھری ہوئی تھی (بہتر ابھری پرنٹنگ) اب آفسیٹ میں پرنٹ (بہتر ابھری ہوئی پرنٹنگ میں) مزید، مربع شکل میں شناختی نشان بینک نوٹ کے دائیں جانب تھا ہٹا دیا گیا ہے، جبکہ ریورس رنگ میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے، مکوس رنگ پیلے کے مقابلے ہلکا( ابھری ہوئی پرنٹنگ ہٹانے کی وجہ سے) مہاتما گاندھی کی تصویر کے داہنے جانب عموری بینڈ کی شبیہ جو کہ اعداد 50 کی قدر ظاہر کرتی ہے، مخفی شبیہ صرف اسی وقت دیکھی جا سکتی ہے جب بینک نوٹ آنکھ کے قریب لا کر دیکھا جائے، فیچر موجودہ وقت طویل نہیں۔ | ایضاً |
| 2017 | 66 ایم ایم x135 ایم ایم | روپئے 50 کی قدر، بینک نوٹ پر مہاتما گاندھی (نئی) سیریز پر مہاتما گاندھی کی تصویر اور الیکٹروٹائپ (50) واٹر مارکس | نوٹ کا بنیادی رنگ چمکیلا نیلا اعداد قدر 50 کے ساتھ براہ راست رجسٹرڈ دیکھیں۔۔قدر اعداد 50 دیو ناگری میں مہاتما گاندھی کی تصویر مرکز میں، مائیکرو حروف آر بی آئی، بھارت، انڈیا اور 50' ونڈو حفاظتی دھاگہ مع بھارت اور آر بی آئی گارنٹی کلاز، گورنر کے دستخط مع وعدہ نوٹ اور آر بی آئی علامت مہاتما گاندھی کی تصویر کے ساتھ بائیں جانب، اشوک کی لاٹ کی علامت بائیں جانب مہاتما گاندھی کی تصویر اور الیکٹروٹائپ (50) واٹر مارکس، نمبر پینل مع اعداد چھوٹے سے بڑے کی جانب اوپر دائیں اور نیچے داہنے جانب بڑھتا ہوا۔ | نوٹ کے داہنے جانب اشاعت کا سال، سوچھ بھارت کا لوگو مع نعرہ، زبان کا پینل، ہمپی کے بنیادی تصویر کے ساتھ ساتھ قدر اعداد 50 دیوناگری میں۔ |
| **IV. روپئے 100 نوٹس** | | | | |
| 1967 | 73x157 ایم ایم | اشوک کی لاٹ | نیلا رنگ، اعداد 100 باقاعدگی سے مرکز میں دکھائی دے گا، اشوک کی لاٹ کی علامت داہنے جانب | عموری پینل برائے 14 ہندوستانی زیادہ بائیں جانب ہیرا کنڈ باندھ سرکلر فریم کے پس منظر میں۔ |
| 1969 | ایضاً | ایضاً | نیلا رنگ اور وعدہ نوٹ، گارنٹی گوشہ اور دو زبانوں میں گورنر کے دستخط | سرکلر فریم کے پس منظر میں مہاتما گاندھی کی ٹیفٹے کے پوز میں تصویر سیوا گرام آشرم کے ساتھ |
| 1975 | ایضاً | اشوک کی لاٹ مع چرخا | ابھرا ہوا گہرا مع نیلا رنگ، بھورا گلابی اور گہرا سبز، اعداد 100 گہرے نیلے رنگ میں، واٹر مارکس ونڈو ہلکا، نیلا، آر بی آئی کا نام، وعدہ نوٹ، گارنٹی گوشہ اور گورنر کے دستخط ابھرے ہوئے زبان گھماؤ دار بائیں جانب اشوک کی لاٹ کی علامت داہنے طرف پرنٹنگ سرخ رنگ کونے کو چھوڑ کر | ابھرا ہوا گہرا نیلا رنگ اور بھورا شیڈ دونوں کناروں پر، زرعی سرگرمیاں، چائے کے باغات اور باغبانی پاور پروجیکٹ، واٹر مارک ونڈو چہار جانب سے سجاوٹی ویزائن میں گھری جو کہ مکمل رجسٹر میں چہار جانب میں یکساں معکوس ڈیزائن۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1979 | ایضاً | ایضاً | ایک جانب ابھرا ہوا نیلا، سرخ اور گہرا سبز رنگ، لال گوں چنٹے اور نیلا ہرا شیڈ، ستیہ میو جیتے، نیچے اشوک کی لاٹ کی علامت۔ | ڈرائی آفسیٹ، کالا اور میرون رنگ، ٹنٹ ڈیزائن ہرے نیلے اور بھورے شیڈوں میں |
| 1996 | ایضاً | مہاتما گاندھی کی تصویر مع کثیر جہتی لائن واٹر مارک ونڈو میں | آفیسٹ کمبنیشن میں پرنٹینڈ اور ابھرے ہوئے پروسیس میں، مجموعی اصل رنگ، نیلا، گہرے اور سبز، مہاتما گاندھی کی تصویر، ونڈو حفاظتی دھاگہ جو کہ جزوی طور پر سامنے سے دکھائی دے گا لیکن مجموعی طور پر اندر مخفی ہوگا۔ حروف بھارت اور آر بی آئی دھاگے سے پرنٹ ہوگا۔ | مرکزی تصویر نیچے جنگوار نیچے کا مع پھولوں والے اوپر کے پیٹرن اور جانب میں نقاشی، نوٹ کی قدر 15 زبانوں کے بائیں ہاتھ کی جانب ایک چھوٹا مضبوط تکونہ ابھرا ہوا واٹر مارک کے بائیں ہاتھ کی جانب تاکہ بینائی سے محروم افراد کو نوٹ کی تصویر کی شناخت میں آسانی ہو۔ |
| 2005 | ایضاً | مہاتما گاندھی کی تصویر کثیر جہتی لائن اور الیکٹروٹائپ مارک جو کہ نوٹ کی قدر 100 کو اس حصہ میں ظاہر کرتا ہے اور اس کو اس وقت بہتر طور پر دیکھا جاسکتا ہے جب بینک نوٹ کو روشنی میں رکھا جائے۔ | مشین سے قابل مطالعہ ونڈو والا واضح ٹیکسٹ میگنٹ حفاظتی دھاگہ مع 'بھارت' (ہندی میں) اور آر بی آئی نوٹ پر روپے 100 مع تفصیلی رنگ منتقل، دھاگہ کا رنگ سبز سے نیلے میں تبدیل ہوگا جب اسے مختلف زاویوں سے دیکھا جائے گا۔ یہ پیلے چمکیلے رنگ میں زیروسی میں دکھائی دے گا اور ٹیکسٹ چمکیلے معکوس میں چوری لائٹ، چوڑائی۔2 ایم ایم میں دکھائی دے گا۔<br>ابھری ہوئی پرنٹنگ مثلاً بینک کا نام ہندی اور انگریزی میں ترجیح سے ابھرا ہوا، ریزرو بینک کی مہر، گارنٹی اور وعدہ نوٹ، گورنر کے دستخط، ایک ابھرا ہوا تکونہ | بینک نوٹ کے ریورس پر پرنٹنگ محلّہ سال اشاعت درج ہوگا۔ |
| | | | واٹر مارک ونڈو بائیں جانب زیادہ گہرائی والا تاکہ بینائی سے محروم افراد کو انکی قدر کی شناخت میں آسانی ہو۔ دو رنگوں میں آپٹیکل فائبر، چھوٹی بھڑکیلی ڈیزائن سامنے اور شیٹ کی جانب (گہرائی) میں بینک نوٹ کے درمیان معکوس بنڈ میں چھپی ہوگی تاکہ اعداد والا رجسٹریشن اس وقت صاف دکھائی دے، جب نوٹ کو روشنی کے سامنے دیکھا جائے۔ | |
| 2011 | ایضاً | ایضاً | ایضاً<br>افاقی، روپئے کی علامت جو بینک نوٹ کے بالائی حصہ پر متعارف کرائی جائے گی، بائیں جانب اوپر اور داہنے جانب اوپر کونے (قدر والے اعداد کے ساتھ) | ریورس میں مسلسل بینک نوٹ کی اشاعت کا سال پرنٹ ہوگا، روپئے کی علامت بینک نوٹ کے اوپر بائیں اور داہنے جانب کونے (قدر کے اعداد کے ساتھ) متعارف کرائی جائے گی۔ |
| 2015 | ایضاً | ایضاً | ایضاً<br>افاقی، بینک نوٹ پر بائیں جانب چھوٹی سے بڑی ترتیب میں اعداد دونوں نمبر پینل میں ہوں گے اگرچہ ابتدائی تین معکوس کردار (سابقہ) مسلسل اپنی سائز میں ہوں گے۔<br>اضافی، بینائی سے محروم افراد کی آسانی سے شناخت کیلئے چار اینگلر سرخ لائن بائیں سے دائیں جانب بینک نوٹ کے کونے پر ہوں گی۔ شناختی نشان (تکونہ) 50 فیصد بڑی سائز میں ہوگا۔ | ایضاً |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 2018 | 60x142 ایم ایم | روپے10 قدر والے بینک نوٹوں پر مہاتما گاندھی (نئی) سیریز میں مہاتما گاندھی کی تصویر اور الیکٹروٹائپ (100) واٹر مارکس | قدر اعداد100 کے ذریعہ رجسٹر دیکھیں، مخفی شبیہ مع اعداد قدر100، قدر اعداد100 دیوناگری میں مہاتما گاندھی کی تصویر وسط میں، مائیکرو حروف میں آر بی آئی، بھارت 'انڈیا' اور '100'۔ ونڈوز حفاظتی دھاگہ مع رنگ تبدیلی، دھاگہ کا رنگ سبز سے نیلے میں تبدیل جب نوٹ ٹائٹل میں ہو، گارنٹی گوشہ، گورنر کے دستخط مع وعدہ نوٹ اور آر بی آئی علامت مہاتما گاندھی کی تصویر کی داہنی جانب اور الیکٹرو ٹائپ (100) واٹر مارکس، نمبر پینل اعداد کے ساتھ ترتیب میں روپر بائیں جانب کنارے پر اور نیچے داہنی طرف ، بینائی سے محروم افراد کے لئے ابھری یا اٹھی ہوئی، پرنٹنگ مہاتما گاندھی کی تصویر کی، اشوک کی لاٹ کی علامت، ابھری ہوئی تکونہ نشان مع مائیکروٹیکسٹ10، چار گوشہ دار خون کے رنگ لائنوں میں دونوں بائیں اور داہنے جانب۔ | نوٹ کی اشاعت کا سال داہنے طرف، سوچھ بھارت کا لوگو مع نعرہ زبان کا پینل، رانی کی وائیو کا بنیادی تصویر، قدر اعداد 100 دیوناگری میں۔ |
| **V. روپئے200 نوٹ ۔ مماتما گاندھی (نئی) سیریز** | | | | |
| 2017 | 66 ایم ایم x146 ایم ایم | روپے200 گور کے بینک نوٹس مہاتما گاندھی (نئی) سیریز میں مہاتما گاندھی کی تصویر سینٹر میں | نوٹ کا بنیادی رنگ تیز پیلا، نوٹ میں دوسری ڈیزائن میں ہندی طریقہ سے مجموعی کلر اسکیم کے ساتھ اوہوری اور ریورس میں رجسٹر کے ذریعہ قدر اعداد200 کیلئے پوشیدہ شبیہ مع قدر اعداد200 قدر اعداد200 دیوناگری میں اور الیکٹرو ٹائپ (200) واٹر مارکس | مائیکرو حروف میں آر بی آئی بھارت، اور '200' ونڈو ڈ حفاظتی دھاگہ مع بھارت اور 'آر بی آئی' رنگ کی تبدیلی کے ساتھ دھاگہ کے رنگ میں تبدیلی سبز سے نیلا چکہ نوٹ گارنٹی کلاز کی طرف جھکا ہوا۔ گورنر کے دستخط مع وعدہ نوٹ اور آر بی آئی علامت داہنے جانب مہاتما گاندھی کی تصویر کی طرف قدر اعداد مع روپے کی علامت روپے200 رنگ تبدیل کرتی روشنائی میں (سبز سے نیلا) داہنے جانب اشوک کی لاٹ کی علامت اور داہنے طرف ہی نمبر پینل مع بھر کے اعداد چھوٹے سے بڑے بینائی سے محروم افراد کیلئے ابھری ہوئی پرنٹنگ میں مہاتما گاندھی کی تصویر، اشوک کی لاٹ کی علامت، ابھری ہوئی شناختی نشانی انچ مع مائیکروٹیکسٹ روپے 200، چار گوشہ دار سرخ لائنیں مع دو دائرہ میں دونوں لائنوں کے درمیان داہنے اور بائیں دونوں جانب۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| **VI. روپئے500 نوٹ۔ مہاتما گاندھی (نئی) سیریز** | | | | |
| 2016 | 66ایم ایم x156ایم ایم | مہاتما گاندھی کی تصویر اور الیکٹروٹائپ (500) واٹر مارکس | مہاتما گاندھی (نئی) سیریز میں جاری، نئے روپئے 500 کے بینک نوٹ سابقہ عنصر جس بینک نوٹ (ایس بی این) سیریز سے رنگ سائز، تھیم، سیکورٹی فیچر کی جگہ اور ڈیزائن میں مختلف میں نوٹ کا رنگ اسٹون گرے ہے، مہاتما گاندھی کی تصویر کی صحیح سمت اور متعلقہ پوزیشن تبدیل کر دی گئی ہے، بینک نوٹ پر یہ فیچرس (ابھری ہوئی اچھائی میں مہاتما گاندھی کی تصویر، اشوک کی لاٹ کی علامت، سرخ دائیں، دائرہ مع روپئے500 داہنے اور شناختی نشان) جو کہ بینائی سے محروم افراد کی اس کی قدر کی شناخت میں مددگار رہوگا۔ | ہندوستانی آثار قدیمہ کی نائی تھیم سائٹ لال حلقہ مع ہندوستانی پرچم۔<br>پرنٹنگ کا سال 2016، اور سوچھ بھارت لوگو کی پرنٹنگ ریورس میں 15 زبانوں کا پینل مرکز کی طرف |
| **VII. روپئے/2000 نوٹ۔ مہاتما گاندھی (نئی) سیریز** | | | | |
| 2016 | 66ایم ایم x166ایم ایم | مہاتما گاندھی کی تصویر اور الیکٹروٹائپ 2000 واٹر مارکس | جاری مہاتما گاندھی (نئی) سیریز نوٹ کا بنیادی رنگ میجنٹا، نوٹ میں دیگر ڈیزائن ہندسی طریقہ کار مع مجموعی رنگ اسکیم ریورس اور ریورس دونوں مخفی فیچرس ذیل میں:<br>1. رجسٹر کے ذریعہ قدر اعداد 2000 دیکھیں<br>2. مخفی شبیہ مع قدر اعداد 2000<br>3. قدر اعداد 2000 دیوناگری میں<br>4. سینٹر میں مہاتما گاندھی کی تصویر<br>5. مائیکر وحروف میں، آر بی آئی او 2000 بینک نوٹ کے داہنے جانب<br>6. ونڈوز حفاظتی دھاگہ مع 'بھارت' آر بی آئی اور 2000 بینک نوٹ پر ساتھ ہی رنگ کی تبدیلی، دھاگہ کا رنگ سبز سے نیلے میں تبدیل ہوگا، جب نوٹ کو جھکائیں گے۔<br>7. گارنٹی کلاز، گورنر کے دستخط مع وعدہ کلاز اور آر بی آئی کی علامت داہنے طرف<br>8. قدر اعداد مع روپئے کی علامت روپئے2000 رنگ تبدیل ہونے والی روشنائی (سبز سے نیلی) نیچے داہنے طرف<br>9. اشوک کی لاٹ کی علامت داہنی طرف مہاتما گاندھی کی تصویر اور الیکٹروٹائپ (2000) واٹر مارکس<br>10. سبز پینل مع اعداد چھوٹے سے بڑے میں اوپر داہنے طرف بڑھتا اور نیچے داہنے جانب، بینائی سے محروم افراد کے لئے ابھری ہوئی چھپائی یا ابھرنے والی پرنٹنگ مہاتما گاندھی کی تصویر کی اشوک کی لاٹ کی علامت سرخ لائن اور شناختی نشان،<br>11. افقی دائرہ مع روپئے2000 کی ابھری ہوئی پرنٹ داہنی طرف<br>12. سات گوشہ دار سرخ لائنیں ابھری ہوئی پرنٹ کے داہنے اور بائیں جانب۔ | مخفی فیچرس ذیل ہیں:<br>1. بائیں جانب نوٹ کی پرنٹنگ کا سال<br>2. سوچھ بھارت لوگو مع سلوگن<br>3. زبان کا پینل سینٹر میں<br>4. منگلائن کا بنیادی تصویر، جو کہ ملک میں خلا میں سیاروں کی پہلی تحقیق ہے۔<br>5. قدر اعداد 2000 دیوناگری میں |

انیکسر VII

# ماسٹر سرکلر میں شامل سرکلروں کی فہرست

| نمبر شمار | سرکلر حوالہ نمبر | تاریخ | موضوع | سرکلر کا پیرا ماسٹر |
|---|---|---|---|---|
| 1 | ڈی سی ایم ایف این وی ڈی جی 16/16.01.01/2003-04 | 18 دسمبر 03 | اے ٹی ایم کے ذریعہ جاری جعلی نوٹ | پیرا 6 |
| 2 | ڈی سی ایم ایف این وی ڈی جی 31/16.01.01/2003-04 | 8 اپریل 04 | جعلی نوٹوں کی شناخت ٹنڈرس کے ذریعہ جاری کردہ | پیرا 4 |
| 3 | ڈی سی ایم ایف این وی ڈی جی 3/16.02.03/2004-05 | 6 جولائی 04 | جعلی نوٹوں کی شناخت پانے والے کے ذریعہ جاری | پیرا 4 |
| 4 | ڈی سی ایم ایف این وی ڈی جی 23/16.01.01/2005-06 | 7 دسمبر 05 | جعلی بینک نوٹ کا اجراء اے ٹی ایم کے ذریعہ جعلی نوٹ خفیہ سیل کا قیام | پیرا 6 & 8 |
| 5 | ڈی سی ایم ایف این وی ڈی جی 37/16.08.08/2006-07 | 28 مارچ 06 | جعلی بینک نوٹوں کی شناخت بینک کے اے ڈی ایم | پیرا 6 & 8 |
| 6 | ڈی سی ایم ایف این وی ڈی جی 18/16.08.08/2006-07 | 1 جون 07 | بینکوں کے ذریعہ رسیو کئے چیسٹ رمٹینس سے جعلی بینک نوٹوں کی شناخت | پیرا 6 |
| 7 | ڈی سی ایم نمبر ڈائریکٹوریٹ این پی ڈی 3158/09.39.00/2009-10 | 19 نومبر 09 | نوٹوں کی چھٹائی، نوٹوں کی چھپائی مشین کی تنصیب | پیرا 6 |
| 8 | ڈی سی ایم نمبر سرکلر این پی ڈی 3161/09.39.00(Policy)/2009-10 | 19 نومبر 09 | چھٹائی رنوٹوں کی پروسیسنگ تنصیب چھٹائی مشینوں کی | پیرا 9 |
| 9 | ڈی سی ایم (آر اینڈ ڈی) نمبر جی 26/18.00.14/2009-10 | 11 مئی 10 | نوٹ چھٹائی مشینوں کی تنصیب، نوٹ کی شناخت اور فٹنس سارٹنگ پیمانہ | پیرا 9 |
| 10 | ڈی سی ایم ایف این وی ڈی نمبر 502/16.01.05/2011-12 | 25 جولائی 11 | جعلی بینک نوٹوں کی شناخت، ترمیم شدہ طریقہ کار | پیرا 5 |
| 11 | ڈی سی ایم (ایف این وی) نمبر 5063/16.02.22/2011-12 | 9 مئی 12 | شناخت اور رپورٹنگ نظام جعلی نوٹ، مونیٹری پالیسی 2012-13 | پیرا 6 |
| 12 | ڈی سی ایم ایف این وی ڈی نمبر 2165/16.21.005/2012-13 | 16 نومبر 12 | جعلی نوٹوں کی شناخت اور ان کی رپورٹنگ دوسرا کوارٹر، مونیٹری پالیسی 2012-13 کا جائزہ | پیرا 6 |
| 13 | ڈی سی ایم ایف این وی ڈی نمبر 776/16.01.05/2015-16 | 27 اگست 15 | جعلی نوٹوں کی شناخت کا جائزہ | پیرا 2 |
| 14 | ڈی سی ایم ایف این وی ڈی نمبر 1134/16.01.05/2016-17 | 27 اکتوبر 16 | جعلی نوٹوں کی شناخت اور ان کی ضبطی | پیرا 5 |
| 15 | ڈی سی ایم (ایف این وی ڈی) جی۔ 7/16.01.05/17-18 | 15 جنوری 18 | جعلی نوٹوں کی شناخت اور ضبطی ایف آئی آر درج | پیرا 5 |
| 16 | ڈی پی ایس ایس سی او ڈی نمبر 1916/06.07.011/2018-19 | 7 مارچ 2019 | سفید لیبل والے اے ٹی ایم (ڈبلیو ایل اے) ہندوستان میں، جائزہ اور ہدایت | پیرا 6 |